کتاب نما

فی ظلال القرآن سید قطب شہید' مترجم سید حامد علی- ناشر: البدر پبلی کیشنز' اردو بازار لاہور' جلد اول (الفاتحہ' البقرہ)- صفحات: ۸۰۶' قیمت ۱۷۵روپے- جلد دوم (آل عمران) صفحات: ۵۰۲- قیمت: ۱۳۰روپے- جلد سوم (النساء) صفحات: ۶۹۱- قیمت ۲۰۰روپے

سید قطب شہید دور حاضر کے جلیل القدر اسلامی مفکر' مجاہد اور نابغہ تھے- عالم' مفسر' ادیب' شاعر' نقاد' صحافی- اللہ تعالیٰ نے انھیں غیر معمولی صلاحیتوں سے نوازا تھا- انھوں نے علم وادب کے ہر شعبے میں اپنی دانش وبینش اور ذہانت وقابلیت کے نقوش ثبت کیے- یوں تو ان کی دو درجن تصانیف میں سے بھی اپنے اپنے موضوعات پر نمایاں اور قابل لحاظ حیثیت رکھتی ہیں لیکن "فی ظلال القرآن" ان کی بالغ نظری' پختہ فکری' دانشوری اور علمی فضیلت کا شاندار نمونہ ہے-

قرآن حکیم کی تفسیر لکھنا بہت بڑی سعادت ہے- سید قطب تو اس سعادت سے بہرہ مند ہونے کے بعد' شہادت کے مقام پر بھی فائز ہوئے۔ ؎ یہ رتبہ بلند ملا جس کو مل گیا ہر مدعی کے واسطے دار و رسن کہاں؟ "فی ظلال القرآن" ایک ہمہ جہتی تفسیر ہے (علمی و فکری' تحریکی و انقلابی' ترجیحی و دعوتی) بقول سید حامد علی "مصنف کی فکری زندگی کے سب سے زیادہ کارکردگی کے سالوں کا ثمرہ"- زیر نظر تفسیر کی اہمیت کا اندازہ' فاضل مترجم کے اس قول سے لگایا جاسکتا ہے کہ "اس تفسیر سے میرے علم میں' میرے فہم قرآن میں' میرے ایمانی جذبات میں اور اللہ اور اس کے دین سے میرے لگاؤ میں اضافہ ہوا ہے"- (ص ۲۰)

مولانا سید حامد علی کا شمار بھارت کی تحریک اسلامی سے وابستہ ممتاز اہل قلم میں ہوتا ہے- وہ کئی برس تک ماہنامہ "زندگی" رام پور کے مدیر رہے- ان کی چھوٹی بڑی تصانیف کی تعداد تقریباً ایک سو ہے-

"فی ظلال القرآن" کا ترجمہ انکسر نفسی کے سبب' انھوں نے بڑے تامل سے ہاتھ میں لیا تھا' لیکن پھر انھوں نے اس کام کو پوری توجہ اور احساس ذمہ داری اور ایک گہرے والہانہ قلبی جذبے کے ساتھ